| سبقی منصوبہ بندی 1 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: کاروبار | باب ششم: معاشیات |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- کاروباری ذہنیت کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- کیا آپ جانتے ہیں کاروبار کسے کہتے ہیں؟
- آپ کے گھر کے افراد کس کاروبار سے منسلک ہیں؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 85 سے پہلے دو پیراگراف کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں لوگ روزگار حاصل کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی پیشہ اختیار کرتے ہیں۔ یعنی اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کے لیے انھیں پیسے چاہیے ہوتے ہیں۔
- اس مقصد کے لیے وہ اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہیں اور روزگار کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔
- روزگار کے یہ مواقع کاروبار میں شامل ہوتے ہیں۔ یعنی ایسی سرگرمیاں جو منافع کمانے کے لیے اختیار کی جائیں۔ ان سرگرمیوں کے فعال ہونے کے مواقع تلاش کیے جائیں اور ان سے فائدہ اٹھایا جائے، اسے کاروبار، یا انٹرپرینیورشپ کہتے ہیں۔

## اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق سوال (ا) کا جزو (i) طلبہ سے پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ:________ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام:________ |

| سبق کا نام: کاروبار | باب ششم: معاشیات |
| --- | --- |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مختلف اقسام کے کاروبار کی تعریف کر سکیں اور ان میں فرق کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

کاروباری بننے کے لیے کیا ضروری ہے؟

انھیں بتائیں کاروباری بننے کے لیے کاروباری ذہنیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یعنی کاروباری ذہنیت سے مراد سوچنے کا ایسا انداز ہوتا ہے جو انسان کا مقابلہ کرنے، فیصلہ کرنے اور نتائج کی مکمل ذمے داری کو قبول کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔

طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں ہم کاروبار کی اقسام کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 85 تا 86 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کاروبار کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ تختہ تحریر پر کاروبار کی اقسام لکھیں۔
- کاروبار کی مختلف اقسام ہیں۔

◆ چھوٹے پیمانے کا کاروبار ◆ زراعت کا کاروبار ◆ بڑے پیمانے کا کاروبار

◆ تجارتی کاروبار ◆ آن لائن کاروبار ◆ سماجی کاروبار ◆ صنعتی کاروبار

- طلبہ کو پہلے چھوٹے اور بڑے پیمانے کے کاروبار کی وضاحت کریں انھیں بتائیں چھوٹے پیمانے کا کاروبار وہ ہوتا ہے جو کم سرمائے سے شروع ہو سکتا ہے عموماً اس پیمانے پر ایک ہی شخص کاروبار کا مالک ہوتا ہے جو نفع اور نقصان کا بھی ذمہ دار ہوتا ہے۔

پھلوں سبزیوں کے اسٹال، کریانہ اسٹور، حجام اور بڑھئی وغیرہ چھوٹے پیمانے کے کاروبار کی مثال ہیں۔

- طلبہ کو بڑے پیمانے کے کاروبار کے بارے میں بتائیں۔ ایسے کاروبار میں ایک یا ایک سے زیادہ افراد مالک ہو سکتے ہیں۔ یعنی لوگوں کا گروہ کاروبار چلاتا ہے اس قسم کے کاروبار کو چلانے کے لیے لوگوں کو ملازمت پر بھی رکھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو مختلف ٹیکسٹائل ملز، شورومز اور شاپنگ مالز کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

| **اعادہ** | **3منٹ** |
|---|---|

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| **جائزہ:** | **5منٹ** |
|---|---|

مشق جزو(ا) کا سوال (ii) طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |
|---|---|

سبق میں دی گئی پہلی سرگرمی کر کے لائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: کاروبار | باب ششم: معاشیات |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مختلف اقسام کے کاروبار کی تعریف کر سکیں اور ان میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب۔ ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال کریں:

- چھوٹے اور بڑے پیمانے کے کاروبار میں کیا فرق ہے؟
- بڑے کاروبار کی مثالیں دیں۔

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 86 سے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں چھوٹے اور بڑے پیمانے پر لوگ مختلف اقسام کے کاروبار کرتے ہیں۔

◆ صنعتی کاروبار ◆ آن لائن کاروبار ◆ زراعت کا کاروبار ◆ تجارتی کاروبار ◆ سماجی کاروبار

- طلبہ کو آن لائن کاروبار کا مقصد بتائیں کہ اس کاروبار کا مقصد دنیا میں مثبت تبدیلی لانا ہے اس کاروبار کے لیے بہترین ہنر مند ملازمین کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ فیس بک، انسٹا گرام، ای کامرس یا آن لائن شاپنگ اسٹورز اس قسم کے کاروبار کی مثالیں ہیں۔
- تختہ تحریر پر صنعتی کاروبار لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اس قسم کے کاروبار کا تعلق مصنوعات کی تیاری سے ہے۔ اس قسم کے کاروبار میں کاروباری افراد صارفین کی ضرورت کے پیشِ نظر صنعتیں لگاتے ہیں جہاں پر خام مال، مشینوں، ٹیکنالوجی اور مزدوروں کی مدد سے چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔

- طلبہ کو زراعت، تجارتی اور سماجی کاروبار کے بارے میں بھی بتائیں۔ زراعت کا کاروبار، زرعی مصنوعات کی پیداوار اور ان کی فروخت سے متعلق ہے۔ جبکہ تجارتی کاروبار میں افراد تیار شدہ مصنوعات خرید کر صارفین کو فروخت کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں سماجی کاروبار کا مقصد صرف منافع کمانا ہی نہیں بلکہ معاشرتی بھلائی کا ہوتا ہے اس طرح کے کاروبار میں کاروباری افراد ایسی خدمات پیش کرتے ہیں جو لوگوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں۔ رفاہی تنظیمیں صحت اور تعلیم سے وابستہ پرائیوٹ تجربہ کار لوگ ایسے کاروبار میں شامل ہوتے ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(۱) کا سوال (iii) اور جزو(۲) کا سوال (ii) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: کاروبار کی مختلف اقسام نیچے دی گئی ہیں ہر ایک سے دو دو متعلق جملے لکھیں۔

جواب:

| | |
|---|---|
| آن لائن کاروبار | ______________ |
| تجارتی کاروبار | ______________ |
| بڑے پیمانے کا کاروبار | ______________ |
| صنعتی کاروبار | ______________ |

سوال نمبر 2: چھوٹے کاروبار کی چند مثالیں لکھیں۔

جواب: ______________

______________

______________